18

دوسروں کی مدد کرنا

سکول میں ہم مِل جُل کر پڑھتے اور کھیلتے ہیں۔ اگر کسی بچے کو چوٹ لگ جائے تو دوسرے فوراً اُس کی مدد کرتے ہیں۔ ہمیں اپنے دوستوں کو ناراض نہیں کرنا چاہیے، مشکل وقت میں ان کی مدد کرنی چاہیے تاکہ ضرورت پڑنے پر وہ بھی ہماری مدد کریں۔ اسی طرح گھر میں بھی ہمیں مِل جُل کر رہنا چاہیے۔ گھر کے کاموں میں ماں باپ اور بہن بھائیوں کی مدد کرنی چاہیے۔

ہم سب کو ایک دوسرے کا خیال رکھنا چاہیے۔

مشق

1- درج ذیل سوالات کے جوابات دیں:

(i) آپ اپنے دوستوں کا خیال رکھنے کے لیے کیا کرتے ہیں؟

(ii) اگر آپ کا دوست اُداس ہو تو آپ کیا کریں گے؟

(iii) کیا آپ نے کبھی کسی کی مدد کی ہے؟

سرگرمی

تصویر دیکھ کر بتائیں کہ بچے کیسے ایک دوسرے کی مدد کر رہے ہیں؟

هدایات برائے اساتذہ

بچوں کو ایسی دلچسپ کہانیاں سنائیں جن کا نتیجہ یہ نکلے کہ ہمیں دوسروں کی مدد کرنی چاہیے۔